7

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف ر ب ر ج ر د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) راسخ عظیم آبادی کا کلام کس نوعیت کا ہے؟

الف۔ مزاحیہ ب۔ سنجیدہ ج۔ طنزیہ د۔ رزمیہ

(ii) سبق ''مسدسِ حالی '' کس کتاب سے اقتباس ہے؟

الف۔ مقدماتِ عبدالحق ب۔ کلیاتِ عبدالحق ج۔ مقالاتِ عبدالحق د۔ مضامینِ عبدالحق

(iii) ''رتنا '' کس علاقے کا رہنے والا تھا؟

الف۔ گجرات ب۔ پنجاب ج۔ راجپوتانہ د۔ راجستھان

(iv) حضرت امِ عمارہ نے کس غزوہ میں حضور ﷺ کی حفاظت کی تھی؟

الف۔ غزوہ بدر ب۔ غزوہ احد ج۔ غزوہ خندق د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(v) جس نظم کا ہر بند چھ مصرعوں پر مشتمل ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مسدس ب۔ مخمس ج۔ رباعی د۔ مرثیہ

(vi) اپنی غزل میں فراق گورکھ پوری نے دُنیا کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ خانقاہ ب۔ جولاں گاہ ج۔ میکدہ د۔ سیرگاہ

(vii) اقبال کی نظر میں ''رازِ کُن فکاں '' کون ہے؟

الف۔ عرب کے لوگ ب۔ ایرانی قوم ج۔ انسان د۔ مسلمان

(viii) نظم ''ادائے فرض '' میں شاعر نے اہل ارض کے لیے زندگی کسے قرار دیا ہے؟

الف۔ اتحاد ب۔ شجاعت ج۔ ترقی د۔ فرض کی ادائیگی

(ix) غزل کے کس شعر میں شاعر بالعموم اپنا تخلص استعمال کرتا ہے؟

الف۔ ردیف ب۔ مقطع ج۔ قافیہ د۔ مطلع

(x) بمبئی جانے سے پہلے مصنف اپنی آنکھوں کے علاج کے سلسلے میں کس جگہ گئے؟ (بحوالہ سبق______ صاحب بہادر)

الف۔ یورپ ب۔ مدراس ج۔ جرمنی د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xi) '' مرزا نوشہ '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ کنیت ب۔ خطاب ج۔ عُرف د۔ لقب

(xii) ایسا فعل جس میں فاعل تو موجود ہو مگر مفعول نہ ہو کیسا فعل ہے؟

الف۔ فعل متعدی ب۔ فعل لازم ج۔ فعل معروف د۔ فعل مجہول

(xiii) ''اُنیس بیس کا فرق ہونا '' کیا ہے؟

الف۔ روزمرہ ب۔ محاورہ ج۔ ضرب المثل د۔ حکایت

(xiv) جملے یا عبارت میں سب سے کم ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟

الف۔ وقفہ ب۔ سکتہ ج۔ فجائیہ د۔ رابطہ

(xv) '' اگر '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ حرفِ جزا ب۔ حرفِ عطف ج۔ حرفِ شرط د۔ حرفِ بیان

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: 

8

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اورسوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اورواضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

**سوال نمبر۲:الف:** نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ(15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (15x2=30)

(i) اہم اُمور سے متعلق فیصلے کے لیے حضرت عمرؓ کیا طریقہ اختیار فرماتے تھے؟

(ii) شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ اوراُن کے بیٹوں نے مسلمانوں کے کن معاملات کی اصلاح کے لیے کوشش کی؟

(iii) سرسیّد احمد خاں کی تحریک سے مسلمانانِ ہند کو کیا فائدے پہنچے؟

(iv) سیّد انشآ نے میر تقی میرؔ کو ''گدائے متکبر'' کیوں کہا؟

(v) مرزا غالبؔ نے اپنے بڑھاپے کی کیفیت کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

(vi) سبق '' صاحب بہادر '' کے حوالے سے تحریر کیجیے کہ ہوٹل کے مینجر نے مصنف کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیسے کیا؟

(vii) احسان دانش مزدور سے یونیورسٹی کے ممتحن کے مقام تک کیونکر پہنچے؟

(viii) مصنف نے مچھروں کو ''مردِ میدان'' بنانے کا ذمہ دار کس ادارے کو ٹھہرایا؟

(ix) سبق '' سفر کامیابی کی کنجی ہے '' کے حوالے سے تحریر کیجیے کہ مصنف نے اہل یورپ کی کامیابی کا پہلا زینہ کس لڑائی کو قرار دیا؟

(x) نظم 'طلوعِ اسلام' میں 'مرغِ حرم' کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

(xi) ایک صاحب نے اپنے گھر کا نام ''قفس'' کیوں رکھا؟ (بحوالہ نظم ____ گھروں کے نام)

(xii) نظم '' شانِ تقویٰ '' کس کی نظم کا منظوم ترجمہ ہے؟

(xiii) مرزا غالبؔ کی شاملِ نصاب پہلی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ مرزا کو کعبے جانے میں شرم کیوں دامن گیر ہے؟

(xiv) '' یک بہ یک اُبھرا حِرا کے غار سے اِک آفتاب '' اس مصرع میں کس واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(xv) '' **راہ سوجھنا** '' اور '' **سُرخاب کے پر لگنا** '' کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xvi) **فعلِ معروف** اور **فعلِ مجہول** کی تعریف اور ایک ایک مثال تحریر کیجیے۔

(xvii) سازِ ہستی کی صدا، غور سے سُن    کیوں ہے یہ شور بپا، غور سے سُن
درج بالا شعر میں ردیف اور قافیہ لکھیں۔

(xviii) '' بچوں نے سبق پڑھا۔'' کی ترکیب لکھیں۔

(xix) '' **کم** '' اور '' **انہ** '' کے سابقے اور لاحقے سے ایک ایک لفظ بنائیں۔

ب۔ ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیں ، جس میں محلے کی ناقص صفائی کی شکایت کی گئی ہو۔ (5)

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+4=5)

الف۔ ہر عامل سے عہد لیا جاتا تھا کہ ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہو گا۔ باریک کپڑے نہ پہنے گا۔ چھنا ہوا آٹا نہ کھائے گا۔ دروازے پر دربان نہ رکھے گا۔ اہلِ حاجت کے لیے دروازہ ہمیشہ کھلا رکھے گا۔ یہ شرطیں اکثر پروانہ تقرری میں درج کی جاتی تھیں اور انھیں مجمع عام میں پڑھ کر سنایا جاتا تھا۔

ب۔ ''اُن کے بے پناہ علم کا اندازہ اُس وقت ہوتا تھا جب وہ کسی مخصوص موضوع پر اظہارِ خیال کرتے تھے۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ دریا کا بند ٹوٹ گیا ہے اور پانی بڑی تیزی سے چاروں طرف پھیل رہا ہے۔ ساری زمین سیراب ہو رہی ہے۔''

**سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔ چھپنا وہ ماہتاب کا ، وہ صبح کا ظہور
یادِ خدا میں زمزمہ پردازیِ طیور
وہ رونق اور وہ سردہوا ، وہ فضا ، وہ نُور
خنکی ہو جس سے چشم کو اور قلب کو سُرور

ب۔ رکھا ہے کچھ عیال کی خاطر بھی تو نے کیا؟
مُسلِم ہے اپنے خویش و اقارب کا حق گزار
کی عرض، نصف مال ہے فرزند و زن کا حق
باقی جو ہے وہ مِلّتِ بیضا پہ ہے نثار

**سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔ خدا جانے کیا ہو گا انجام اس کا
میں بے صبرا تنا ہوں وہ تند خُو ہے

ب۔ کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی؟

ج۔ ان اندھیروں میں کرن ہے کوئی
شب زدو آنکھ اٹھا کر دیکھو

**سوال نمبر۶: دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** (10)

الف۔ حبِ وطن

(i) آزادی بڑی نعمت ہے۔
(ii) وطن کی محبت فطری جذبہ ہے۔
(iii) اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس وطن کے استحکام کی علامت ہے۔
(iv) اجتماعی مفاد کا جذبہ حب الوطنی کی علامت
(v) وطن سے ہماری شناخت ہے۔

ب۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔

(i) تندرستی اللہ کی کئی نعمتوں میں سے ایک انمول نعمت ہے۔
(ii) ایک صحت مند جسم ایک صحت مند دماغ کی علامت ہے۔
(iii) تندرستی اور محنت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔
(iv) ورزش صحت اور تندرستی کے لیے لازمی ہے۔
(v) تندرستی اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے اصولوں پر کار فرما ہو کر حاصل ہوتی ہے۔